# اونٹاریو میں رہائش اختیار کریں

اونٹاریو میں منتقل اور آباد ہونے کے لیے آپ کو درکار سب کچھ۔

## اس صفحہ پر


1. Open a bank account (بینک اکاؤنٹ کھلوائیں)
2. Find housing (رہائش تلاش کریں)
3. Learn English and French (انگریزی اور فرانسیسی سیکھیں)
4. Find a job (نوکری تلاش کریں)
5. Enrol your children in school (اپنے بچوں کا اسکول میں اندراج کروائیں)
6. Find child care (چائلڈ کیئر تلاش کریں)
7. Get health care (نگہداشت صحت حاصل کریں)
8. Get a driver’s licence (ڈرائیورز لائسنس حاصل کریں)
9. Transportation (نقل و حمل)
10. Who to call during an emergency (کسی ہنگامی حالت کے دوران کس کو کال کرنی ہے)


---

## بینک اکاؤنٹ کھلوائیں

ایک بینک اکاؤنٹ آپ کے لیے اپنے پیسوں کو منتظم کرنا آسان بناتا ہے اور انہیں محفوظ رکھتا ہے۔

آپ ایک بینک اکاؤنٹ کھلوا سکتے ہیں، بے شک آپ کے پاس کوئی پتہ، نوکری یا اس میں فورًا ڈالنے کے لیے رقم موجود نہ ہو۔

اکاؤنٹ کھلوانے کے لیے:

1. acceptable, original identification (قابل قبول، اصلی شناخت) **کی کم از کم دو** عدد دستاویزات لائیں (**بینک فوٹوکاپیاں قبول نہیں کرے گا**)
2. بینک منتخب کریں
3. بینک میں خود تشریف لے جائیں
4. انہیں بتائیں کہ آپ ایک نیا اکاؤنٹ کھلوانا چاہتے ہیں

ایک بار جب اکاؤنٹ کھل جائے، **تو ایک چیک بک کی درخواست کرنا یقینی بنائیں**۔ آپ کو بعد میں گھر کے لیے ڈیپازٹ کرنے یا کرایہ ادا کرنے کے لیے ان کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

ان چیزوں کے بارے میں مزید جانیں:

- how to open a bank account (بینک اکاؤنٹ کیسے کھلوانا ہے)
- your rights and responsibilities when dealing with banks (بینکوں کے ساتھ معاملات طے کرتے وقت آپ کے حقوق اور ذمہ داریاں)

---

## رہائش تلاش کریں

آپ کرایہ پر رہائش حاصل کرنے، گھر خریدنے یا اس وقت تک کسی ہنگامی رہائش میں رہنے کا انتخاب کر سکتے ہیں، جب تک آپ کو رہنے کے لیے مستقل جگہ نہ مل جائے۔

## ہنگامی رہائش

اگر آپ کو ہنگامی رہائش تلاش کرنے میں مدد کی ضرورت ہے، تو درج ذیل میں سے کسی ایک کو آن لائین ملاحظہ فرمائیں:

1. Settlement.org
2. Housing Help Association of Ontario (ہاؤسنگ ہیلپ ایسوسیئیشن آف اونٹاریو)، یا بذریعہ:
   - فون: 905-526-8100
   - Email (ای میل)

## کرایہ پر لینا

اونٹاریو میں کرایہ کے گھروں کی کئی جگہوں پر تلاش کی جا سکتی ہے، بشمول:

- انٹرنیٹ اور کرایے کے گھروں کی اشاعتوں میں کلاسیفائیڈ حصوں میں تلاش کرنا
- ریئل اسٹیٹ ایجنٹ کے ساتھ بات کرنا
- کریانے کی دکانوں، لائبریریوں، لانڈرومیٹس، طبی کلینکس، بچت کے اسٹوروں، کمیونٹی سینٹرز، سروس کلبوں یا ریئل اسٹیٹ کے دفاتر میں موجود بلیٹن بورڈز پر دیکھنا
- رشتہ داروں یا رفقائے کار سے اس بارے میں بات کرنا

اگر آپ کرایہ پر رہائش حاصل کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں، تو آپ کو لازمی طور پر:

1. ایک رینٹل اپلیکیشن فارم بھرنا ہوگا اور مالک مکان کے پاس جمع کروانا ہو گا
2. کرایے کے ایک معاہدے پر دستخط کرنا ہو گا، جو آپ اور آپ کے مالک مکان کے درمیان ایک قانونی معاہدہ ہوتا ہے، جس میں شامل ہوتا ہے کہ آپ کا کرایہ کتنا ہو گا اور آپ کے حقوق اور ذمہ داریاں کیا ہوں گی
3. ایک ڈیپازٹ دینا ہو گا، جو عمومًا کسی چیک یا منی آرڈر کی صورت میں ہوتا ہے، جو آپ کے پہلے اور آخری مہینے کے کرایے کے لیے ہوتا ہے
4. اپنا ماہانہ کرایہ مالک مکان کو وقت پر دینا ہو گا (عمومًا ایک چیک کی صورت میں)

ان چیزوں کے بارے میں مزید جانیں:

- renting your first home in Canada (کینیڈا میں اپنا پہلا گھر کرایے پر لینا) (PDF)
- how much it costs to rent an apartment in Ontario (اونٹاریو میں ایک اپارٹمنٹ کرایے پر لینے میں کتنا خرچ آتا ہے)
- your rights as a tenant in Ontario (اونٹاریو میں ایک کرایہ دار کے طور پر آپ کے حقوق)

## خریدنا

کینیڈا میں، گھروں کی خریداری Canada Mortgage and Housing Corporation (کینیڈا مورگیج اور ہاؤسنگ کارپوریشن) کے زیر انتظام ہے۔

اگر آپ گھر خریدنے کا فیصلہ کرتے ہیں، تو آپ کو لازمی طور پر **ایک کام کرنا** ہو گا:

- گھر کے کل خرچے کی ادائیگی کرنی ہو گی، بشمول تمام فیسیں اور ٹیکس
- گھر کے لیے ادائیگی کے لیے بینک سے قرضہ حاصل کرنا ہو گا **اور** آپ کے پاس اتنی رقم ہونی چاہیے کہ آپ درج ذیل چیزوں کو پورا کر سکیں:

- گھر کے لیے ابتدائی ادائیگی
- تمام فیسیں اور ٹیکس

ان چیزوں کے بارے میں مزید جانیں:

- home-buying in Canada (کینیڈا میں گھر خریدنا)
- what to know before buying a home in Ontario (اونٹاریو میں گھر خریدنے سے پہلا کیا جاننا ضروری ہے)

---

## انگریزی اور فرانسیسی سیکھیں

آپ کو اونٹاریو مِں منتقل ہونے سے پہلے یا بعد میں test or improve your English and French language skills (اپنی انگریزی اور فرانسیسی زبان کی مہارتوں کی جانچ کرنے یا بہتری لانے) میں مدد دینے کے لیے کئی پروگرام دستیاب ہیں۔

---

## نوکری تلاش کریں

ایسے کئی حکومتی فنڈ یافتہ پروگرام، کمیونٹی سینٹر اور settlement agencies (سیٹلمنٹ ایجنسیاں) موجود ہیں، جو آپ کو درج ذیل چیزوں میں مدد فراہم کر سکتی ہیں:

- کام تلاش کرنا
- اپنی ریزومے اور انٹرویو دینے کی مہارتوں کو بہتر بنانا
- آپ کو کامیابی کے لیے درکار کینیڈا کے تجربے اور مہارتوں کا حصول

jobs and employment in Ontario (اونٹاریو میں نوکریوں اور ملازمت) کے بارے میں مزید جانیں۔

---

## اپنے بچوں کا اسکول میں اندراج کروائیں

اونٹاریو میں:

- **6- 18 سال عمر کے تمام بچوں کو لازمی طور پر اسکول جانا ہو گا** (کوئی سرکاری فنڈ یافتہ، نجی یا گھریلو اسکول)
- زیادہ تر بچے اپنی تارکین وطن کی حیثیت سے یا اپنے والدین کی حیثیت (مزید خصوصی معلومات کے لیے اپنے مقامی school board (اسکول بورڈ) سے رابطہ کریں) سے قطع تعلق کسی بھی سرکاری فنڈ یافتہ اسکول میں مفت پڑھ سکتے ہیں
- نجی اسکول داخلہ کے لیے فیس یا ٹیوشن وصول کرتے ہیں

### سرکاری اسکول

سرکاری فنڈ یافتہ تعلیمی نظام تین مراحل میں تقسیم شدہ ہے:

1. **Elementary school (ایلیمنٹری اسکول)**
   - انگریزی، فرانسیسی اور/یا کیتھولک تعلیم کا انتخاب موجود ہوتا ہے
   - عمومی طور پر کنڈرگارٹن سے شروع ہوتا ہے اور گریڈ 8 میں ختم ہوتا ہے

- طالبلعم:
  - پڑھنے، لکھنے اور ریاضی کی بنیادی مہارتیں سیکھے اور سمجھے گا

2. **Secondary school (سیکنڈری اسکول)**
   - انگریزی، فرانسیسی اور/یا کیتھولک تعلیم کا انتخاب موجود ہوتا ہے
   - عمومی طور پر گریڈ 9 سے شروع ہوتا ہے اور گریڈ 12 میں ختم ہوتا ہے
   - طالبلعم:
     - اپنی دلچسپیوں پر توجہ دے گا اور گریجوئیشن اور اس سے آگے کی تعلیم کے لیے تیار ہو گا

3. **Post-secondary school (پوسٹ سیکنڈری اسکول)**
   - تمام عمر کے کالج، یونیورسٹی اور پوسٹ گریجوئیٹ طالبعلموں کے لیے
   - آپ کو **اپنی ٹیوشن اور کتابوں کے لیے ادائیگی کرنی ہوگی** مگر آپ اونٹاریو اسٹوڈنٹ اسسٹنس پروگرام (OSAP) کے ذریعے apply for grants and loans to help you pay for university or college (یونیورسٹی یا کالج کے لیے ادائیگی میں مدد حاصل کرنے کے لیے گرانٹس اور قرضوں کے لیے درخواست دے سکتے ہیں)

ان چیزوں کے بارے میں مزید جانیں:

- how to enrol your child in school (اپنے بچوں کا اسکول میں اندراج کیسے کروائیں)
- find elementary and secondary schools in your community (اپنی کمیونٹی میں ایلیمنٹری اور سیکنڈری اسکولز تلاش کریں)
- full-day kindergarten for children aged 4 and 5 ( 4 اور 5 سال کی عمر کے بچوں کے لیے پورے دن کا کنڈرگارٹن)
- key dates in the school year, including holidays (تعلیمی سال میں کلیدی تاریخیں، بشمول چھٹیاں) (ایلیمنٹری اور سیکنڈری اسکولوں کے لیے)
- going to college or university in Ontario (اونٹاریو میں کالج یا یونیورسٹی جانا)

### نجی اسکول

**حکومت نجی اسکولوں میں پڑھانے کے لیے ادائیگی نہیں کرتی۔** آپ کو اس کے لیے خود ادائیگی کرنی ہو گی۔

نجی اداروں کے بارے میں مزید جانیں:

- elementary and secondary schools (ایلیمنٹری اور سیکنڈری اسکولز)
- Post-secondary schools (پوسٹ سیکنڈری اسکولز)
- career colleges (کیریئر کالجز)

کچھ نجی کیریئر کالجز OSAP کے لیے منظور شدہ ہوتے ہیں (اسکول کے لیے ادائیگی میں مدد) Find out if your school is approved (جانیں کہ آیا آپ کا اسکول منظور شدہ ہے)۔

---

## چائلڈ کیئر تلاش کریں

اونٹاریو میں، آپ کے لیے 2 اقسام کی چائلڈ کیئر دستیاب ہے:

1. لائسنس شدہ – حکومت کے زیر انتظام
2. غیر لائسنس شدہ – حکومت کے زیر انتظام نہیں

چائلڈ کیئر کی لائسنس یافتہ جگہوں کے لیے انتظار کی فہرستیں ہو سکتی ہیں، لہٰذا جتنی جلدی ممکن ہو، تلاش کر لیں۔

[اپنی کمیونٹی میں لائسنس یافتہ چائلڈ کیئر تلاش کریں](#)

ان چیزوں کے بارے میں مزید جانیں:

- how to choose quality child care and questions to ask your child care provider (معیاری چائلڈ کیئر کا انتخاب کیسے کرنا ہے اور اپنے چائلڈ کیئر کے فراہم کننده سے کون سے سوالات پوچھنے ہیں)
- all of the types of child care available to you (آپ کے لیے چائلڈ کیئر کی تمام دستیاب اقسام)
- child care resources from Settlement.org (Settlement.org سے چائلڈ کیئر کے وسائل)

# نگہداشت صحت حاصل کریں

**اگر یہ ایک ہنگامی حالت ہے** اور آپ کے پاس ایک OHIP کارڈ موجود نہیں ہے، تو اپنے فون سے **911 پر کال** کریں **یا اپنے قریب ترین ہسپتال کو جائیں۔**

OHIP (اونٹاریو ہیلتھ انشورنس پلان) اونٹاریو کا نگہداشت صحت کا پلان ہے۔ OHIP کے ذریعے صوبہ آپ کو درکار کئی طبی خدمات کے لیے ادائیگی کرتا ہے۔

آپ کو ایک ونٹاریو ہیلتھ کارڈ کے لیے درخواست دینی پڑ سکتی ہے، جو ثابت کرتا ہے کہ آپ OHIP کے زیر انتظام ہیں۔ آپ کو ہر بار اپنے ڈاکٹر سے ملنے، کسی ایمرجنسی روم میں جانے، طبی ٹیسٹ کروانے یا سرجری کے لیے جانے پر لازمی طور پر اپنا ہیلتھ کارڈ دکھانا ہو گا۔

**عموما اونٹاریو ہیلتھ انشورنس پلان (OHIP) کی کوریج سے پہلے تین مہینے کا انتظار کا عرصہ ہوتا ہے۔** یقینی بنائیں کہ آپ کے پاس اس انتظار کے عرصے کے دوران اپنی نگہداشت صحت کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے صحت کا ایک نجی بیمہ موجود ہونا چاہیے۔

زیر تحفظ افراد (روایتی پناہ گزین اور تحفظ کی ضرورت کے حامل دیگر افراد) اس تین مہینے کے انتظار کے عرصے سے مستثنیٰ ہیں۔

درخواست دینے کے لیے:

1. ایک اپلیکیشن فارم حاصل کریں:
   - online (آن لائن)
   - یا your local Service Ontario OHIP Office (اپنے مقامی سروس اونٹاریو OHIP دفتر) سے
2. وہ تمام documents you need (دستاویزات جو آپ کو ضرورت ہیں) حاصل کریں
3. فارم بھریں اور اسے your local Service Ontario OHIP Office (اپنے مقامی سروس اونٹاریو OHIP دفتر) میں بذات خود پہنچائیں

جیسے ہی آپ کے پاس ضروری دستاویزات دستیاب ہو جائیں، آپ درخواست دے سکتے ہیں۔ تاہم، آپ کو اس وقت تک ہیلتھ کارڈ نہیں ملے گا جب تک آپ اہل نہ ہوں - 3-month waiting period (3 مہینے کے انتظار کے عرصے) کے بعد۔

نوآباد پناہ گزین اور انسانی وجوہات کی بنیاد پر نئے آباد ہونے والے دیگر لوگ اونٹاریو میں پہنچتے ہیں OHIP کی کوریج کے لیے فورًا اہل ہو جاتے ہیں۔ پناہ کے دعوٰی دار، زیر تحفظ افراد، انسانی خرید و فروخت کے شکار لوگ اور دیگر مخصوص لوگ، جو OHIP کے لیے اہل نہیں ہیں، انہیں Interim Federal Health Program (انٹیرم فیڈرل ہیلتھ پروگرام) (IFH) کے تحت نگہداشت صحت کے محدود بنیادی بینیفٹس موصول ہوتے ہیں۔

ان چیزوں کے بارے میں مزید جانیں:

- how to apply for an Ontario health card (اونٹاریو ہیلتھ کارڈ کے لیے درخواست کیسے دیں)
- what services are covered by OHIP (OHIP کون سی خدمات کا احاطہ کرتا ہے)
- how to find a family doctor or nurse practitioner (خاندان کے لیے ایک ڈاکٹر یا نرس پریکٹیشنر کیسے تلاش کریں)
- Mental Health Helpline (دماغی صحت کی ہیلپ لائین)
- buying private health insurance for immigrants, newcomers and visitors (تارکین وطن، نئے آنے والے افراد اور سیاحوں کے لیے صحت کا نجی بیمہ خریدنا)
- Health benefits under the Interim Federal Health Program (انٹیرم فیڈرل ہیلتھ پروگرام کے تحت صحت کے بینیفٹس) - https://www.canada.ca/en/immigration-refugees-citizenship/services/refugees/help-within-canada/health-care/interim-federal-health-program/services.html

### اگر آپ کے پاس OHIP کارڈ موجود نہ ہو، تو

اگر آپ کے پاس نجی بیمہ موجود نہیں ہے مگر آپ کو تین مہینے کے انتظار کے عرصے کے ختم ہونے سے پہلے ڈاکٹر کے پاس جانے کی ضرورت ہو، تو:

- اگر ہنگامی حالت ہو، تو 911 پر کال کریں
- غیر ہنگامی حالات کے لیے، درج ذیل سے رابطہ کریں:

  - فون پر مفت طبی مشورے کے لیے ٹیلی ہیلتھ سے 1-866-797-0000 پر رابطہ کریں
  - آپ کا local Community Health Centre (مقامی کمیونٹی ہیلتھ سینٹر)، ہو سکتا ہے کہ آپ کو صحت کی خدمات یہاں سے مل جائیں
  - آپ کی کمیونٹی میں کوئی a settlement agency (سیٹلمنٹ ایجنسی)، جو آپ کی صحت کی خدمات تلاش کرنے میں مدد کر سکتی ہے
  - اگر آپ کوئی پناہ کے دعوی دار یا انسانی خرید و فروخت کے شکار ہیں، تو apply for Interim Federal Health Program coverage (انٹیرم فیڈرل ہیلتھ پروگرام کی کوریج کے لیے درخواست دیں) - https://www.canada.ca/en/immigration-refugees-citizenship/services/refugees/help-within-canada/health-care/interim-federal-health-program/apply.html
  - کسی فوری خدمات والی کلینک میں تشریف لے جائیں اور خدمات کے لیے براہ راست ادائیگی کریں (آپ کو ان خدمات کے لیے رقم کی واپسی نہیں ہو گی)

---

## ڈرائیورز لائسنس حاصل کریں

اگر آپ کے پاس پہلے سے کسی دوسرے صوبے، ریاست یا ملک کا **ایک قابل قبول، ڈرائیورز لائسنس موجود ہے**، تو آپ اس لائسنس کو 60 دن کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔ 60 دن کے بعد آپ کو اونٹاریو کے ڈرائیورز لائسنس پر تبدیل ہونے کی ضرورت ہو گی۔

Apply to exchange an out-of-province licence ( صوبے سے باہر کے لائسنس کو تبدیل کروانے کے لیے درخواست دیں)

اگر آپ کے پاس ایک **قابل قبول ڈرائیورز لائسنس موجود نہیں ہے** مگر صوبے میں گاڑی چلانا چاہتے ہیں، تو آپ کو کم از کم 16 سال کا ہونا چاہیے اور آپ کے پاس اونٹاریو کا ڈرائیورز لائسنس موجود ہونا چاہیے۔ ایک مرتبہ جب آپ نظر کا ٹیسٹ اور سڑک کے قوانین کے متعلق ایک تحریری ٹیسٹ پاس کر لیں، تو اب آپ درخواست دے سکتے ہیں:

- ایک G کلاس لائسنس کے لیے، اگر آپ کوئی کار، وین اور/یا چھوٹا ٹرک چلانا چاہتے ہوں
- ایک M کلاس لائسنس کے لیے، اگر آپ موٹر سائیکل، موٹر اسکوٹر اور/یا موپڈ چلانا چاہتے ہوں

Get a G driver’s licence for new drivers (نئے ڈرائیور کے لیے G ڈرائیورز لائسنس حاصل کریں).

ان چیزوں کے بارے میں مزید جانیں:

- getting a motorcycle licence (موٹرسائیکل لائسنس حاصل کرنا)
- the Driver’s Handbook, the guide to help you study for your written test (ڈرائیورز ہینڈبک، آپ کو اپنے تحریری ٹیسٹ کے لیے تیاری کرنے میں مدد دینے کے لیے رہنماء)
- what happens if you are convicted of breaking driving laws (اگر میں گاڑی چلانے کے قوانین توڑنے کا مرکب پایا جاؤں، تو کیا ہو گا)

---

# ذرائع آمد و رفت

## عوامی ذرائع آمدورفت

عوامی ذرائع آمدورفت پورے صوبے میں زیادہ تر شہروں اور علاقوں میں دستیاب ہیں۔ آپ درج ذیل چیزوں میں سے انتخاب کر سکتے ہیں:

- مقامی یا علاقائی بسیں
- معذوریوں کے حامل لوگوں کے لیے آمد و رفت کی خدمات
- ٹرینیں
- نجی کوچ بسیں
- اسٹریٹ کارز اور/یا سب ویز (ٹورانٹو میں)

آپ کو صوبے میں زیادہ تر عوامی ذرائع آمدورفت کے لیے ادائیگی کرنی پڑتی ہے۔ کرایے کی قیمت آپ کی عمر، مقام اور منزل کی بنیاد پر مختلف ہو سکتی ہے۔

ان چیزوں کے بارے میں مزید جانیں:

- transportation for seniors and people with short and long-term disabilities (عمر رسیدہ افراد اور قلیل اور طویل عرصے کی معذوریوں کے حامل لوگوں کے لیے ذرائع آمدورفت)
- public transit in your city/region (آپ کے شہر/علاقے میں عوامی ذرائع آمدورفت)
- GO Transit trains and buses (GO ٹرانزٹ ٹرینز اور بسیں)
- VIA rail trains and schedules (VIA ریل ٹرینز اور شیڈول)

## اسکول تک آمدورفت

اگر آپ کو اپنے بچوں کے لیے اسکول سے آنے اور جانے کے لیے آمدورفت کا انتظام کرنے کی ضرورت ہو، تو Contact your local school board (اپنے مقامی اسکول بورڈ سے رابطہ کریں).

---

# کسی ہنگامی حالت کے دوران کسے کال کرنی ہے

**اگر کوئی ہنگامی حالت ہے، تو 911 کو کال کریں۔**

اونٹاریو کے پاس لوگوں کو درج ذیل چیزوں کے متعلق چوکنا کرنے کے لیے ہنگامی حالات کی تیاری کا ایک نظام موجود ہے:

- سردی کے طوفان
- گرج چمک والے طوفان
- جنگل کی آگ
- شدید آندھیاں
- سیلاب
- شدید گرمی
- ایٹمی ہنگامی حالات
- صحت کی وبائیں
- زلزلے

کسی قسم کے ہنگامی حالات میں Sign up for email and text alerts (ای میل اور ٹیکسٹ الرٹ موصول کرنے کے لیے سائن اپ کریں)۔

how to prepare for an emergency (ہنگامی حالات کی تیاری کیسے کریں) کے بارے میں مزید جانیں۔